# NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام

**NYC ہائی اسکول کے طالب علم کے لیے پیپر ٹکٹ کی درخواست**

آخری نام

پہلا نام

فون

ای میل

کیا آپ کا پہلے ہی سے NYC Ferry Mobile ایپ کا اکاؤنٹ ہے

جی ہاں ○ نہیں ○

رابطے کا ترجیحی طریقہ

ای میل ○ خط ○

ڈسکاؤنٹ کوڈ

**شرائط کا اعتراف**

☐ میں تسلیم کرتا ہوں کہ میں نے اس درخواست سے وابستہ شرائط و ضوابط کو پڑھ لیا ہے اور ان سے اتفاق کرتا ہوں

آج کی تاریخ

اپنے دستخط کی نشاندہی کرنے کے لیے ذیل میں دیے گئے خانے میں اپنا نام درج کریں

اضافی تبصرے

To submit your application, please mail completed applications to:

**NYC Ferry Operated by Hornblower Attn. Ferry Discount Program**
63 Flushing Ave, Building 5,
Suite 100
Brooklyn NY 11205

Or drop off in-person at:

**Pier 11 Ticket Booth**
Pier 11, South Street
New York, New York 10005

# NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام

**شرائط و ضوابط - نیو یارک ہائی اسکول کے طلباء**

NYC فیری )"NYCF"( فیری ڈسکاؤنٹ پروگرام )"فیری ڈسکاؤنٹ پروگرام )Ferry Discount Program("( کا انتظام کرتی ہے۔ فیری ڈسکاؤنٹ پروگرام اہل افراد کو رعایتی یک طرفہ NYCF ٹکٹ )"ڈسکاؤنٹ ٹکٹ"( خریدنے کی اجازت دیتا ہے ۔

1 ستمبر 2024 تک، NYCF نیویارک سٹی ہائی اسکول کے طلباء کو فیری ڈسکاؤنٹ پروگرام )"اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام"( میں شرکت کرنے اور اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے ٹکٹوں )"اسٹوڈنٹ ٹکٹس"( تک رسائی کے مواقع فراہم کرتا ہے ۔

یہ شرائط و ضوابط )"شرائط و ضوابط"( ان افراد کے لیے ہیں جو موجودہ طور پر نیو یارک سٹی ہائی اسکول میں اندراج شدہ طلباء )"طلباء"( کے طور پر یا موجودہ طور پر نیو یارک سٹی ہائی اسکول میں اندراج شدہ طالب علم کے قانونی سرپرستگان )"سرپرست"( کے طور پر اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں شرکت کرنے کے خواہاں ہیں اور/یا اہل ہیں۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں درخواست جمع کروا کر، آپ ان شرائط و ضوابط سے اتفاق کر رہے ہیں۔**

**فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کے لیے اہلیت کے تقاضے :**

کوئی بھی فرد جو نیو یارک شہر کے سٹی اسکول ڈسٹرکٹ کے کسی اسکول یا نیو یارک شہر میں واقع چارٹر اسکول میں گریڈ 9، 10، 11، یا 12 میں داخل ہے، یا کسی تفویض کردہ گریڈ کے بغیر اندراج شدہ ہے اور اس کی عمر 13 سال یا اس سے زیادہ ہے ۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں اندراج:**

فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، اہل طلباء کے سرپرست کا نیو یارک سٹی اسٹوڈنٹ کے اکاؤنٹ )New York City Student Account, NYCSA( میں لاگ ان ہونا یا یہ اکاؤنٹ تخلیق کرنا لازم ہے۔ ایسا کرنے کے طریقہ کے بارے میں معلومات کے لیے، یہاں دیکھیں۔

NYCSA پورٹل میں، سرپرستگان ہر ایک اہل طالب علم کے لیے NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کوڈ )"ڈسکاؤنٹ کوڈ"( کی درخواست کرنے کے لیے ایک بٹن پر کلک کر سکتے ہیں۔ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ خریدنے اور استعمال کرنے کے دو طریقے ہیں، اور سرپرستگان اور/یا طلباء پر اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس تک رسائی کے لیے یہ انتخاب کرنا لازم ہے کہ آیا وہ یا تو NYC Ferry Mobile ایپ کے اندر )"اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹس"( یا وال سینٹ/پیئر 11 پر واقع، ہر روز صبح 8 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان کھلنے والی ٹکٹنگ ونڈو پر پیپر ٹکٹس )"اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس"( کی بالمشافہ خریداری کے ذریعے ڈسکاؤنٹ کوڈ کا اطلاق کرنا چاہیں گے ۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں: ڈسکاؤنٹ کوڈز صرف ایک بار، یا تو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹس کے لیے NYC Ferry ایپ کے اندر یا اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس کے لیے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس کے درخواست فارم کے اندر لاگو کیے جا سکتے ہیں۔

NYC Ferry ایپ یا پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو پر ٹکٹ خریدنے کے لیے ڈسکاؤنٹ کوڈ کا اطلاق کیسے کریں اس بارے میں معلومات کے لیے، ذیل میں ملاحظہ کریں۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے ٹکٹس کیسے خریدیں:**

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹس

اگر آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹس تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو ایک سرپرست اور/یا طالب علم کو درج ذیل اقدامات کرنے چاہئیں:

1. اس امر کو یقینی بنائیں کہ سرپرست یا طالب کے موبائل فون میں NYC Ferry ایپ ڈاؤن لوڈ ہو۔
2. NYC Ferry ایپ میں جائیں۔
3. اپنے NYC Ferry اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں یا اگر آپ نئے صارف ہیں تو نیا اکاؤنٹ تخلیق کریں۔
4. ایک بار لاگ ان ہونے کے بعد، اسکرین کے بالائی بائیں کونے میں بٹن کو منتخب کریں اور ڈراپ ڈاؤن مینو میں "پرومو کوڈ" کو منتخب کریں۔
5. NYCSA اکاؤنٹ میں فراہم کردہ منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کریں۔
6. ایپ میں ایک درست ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کرنے کے بعد، صارف کے پاس خود بخود NYC Ferry ایپ میں 'ٹکٹ خریدیں' ٹیب میں اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس خریدنے کا اختیار ہو گا ۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں: سرپرستگان کو صرف طالب علم کے موجود ہونے پر اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ سرپرستگان کو اپنے سفر کے لیے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ ٹکٹس استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے ۔

# NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام

**شرائط و ضوابط - نیو یارک ہائی اسکول کے طلباء**

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پا س

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس روزانہ صبح 8:00 بجے سے شام 7:00 بجے کے درمیان وال اسٹریٹ/پیئر 11 بکنگ ونڈو پر خریداری کے لیے دستیاب ہیں۔ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس کے لیے طالب علم کی اہلیت کی تصدیق کرنے کے لیے، ایک سرپرست اور/یا طالب علم کو درج ذیل اقدامات کرنے چاہییں:

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس کا درخواست فارم پُر کریں۔ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس کے درخواست فارم NYC فیری کی ویب سائٹ یا وال اسٹریٹ/پیئر 11 بکنگ ونڈو پر دستیاب ہیں۔ طالب علم کا پہلا/آخری نام، وہ ای میل ایڈریس جو آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کے ساتھ منسلک کرنا چاہتے ہیں، اپنا فون نمبر، اور منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کریں۔

جب آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس کا درخواست فارم ویب سائٹ کے ذریعے یا وال اسٹریٹ/پیئر 11 بکنگ ونڈو پر بالمشافہ جمع کروا دیں، تو براہ کرم اپنی درخواست پر کارروائی کے لیے 3 دن تک انتظار فرمائیں۔

NYC فیری آپ کی اہلیت کی باضابطہ تصدیق کرنے والے خط کے ساتھ ایک تصدیقی ای میل بھیجے گی۔ اس منسلکہ خط کو محفوظ کریں!

جب آپ وال اسٹریٹ/پیئر 11 بکنگ ونڈو پر پہنچیں، تو NYC فیری کے بکنگ ایجنٹ کو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر پاس خریدنے کے لیے منسلکہ خط دکھائیں۔

**اسٹوڈنٹ ٹکٹ کے تمام قوانین:**

- اسٹوڈنٹ ٹکٹس صرف ہفتے کے عام کاروباری دنوں کے لیے درست ہیں۔
- طالب علم سٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس فشتک رسائی حاصل کرنے کےلئیے ڈسکاؤنٹ کوڈز کا استعمال کر سکتے ہیں جن کا آغاز سکول کے نئے سال سے ہو رہا اور اختتام اگست کے آخر تک ہوگا ۔
- طلباء اور/یا سرپرستگان پر اُن اسٹوڈنٹ ٹکٹس کی تعداد کے ضمن میں کوئی حد نہیں ہو گی جو کہ وہ کسی بھی وقت خرید سکتے ہیں۔
- تمام سٹوڈنٹ کوڈز کی معیاد اگست کے آخر تک ہے۔ ہر سال طالب علموں کو نئے کوڈز کے ساتھ داخلہ لینا ہوگا ۔
- ایک وقت میں صرف ایک اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ 03 منٹ کی مدت کے اندر ایک سے زیادہ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ کو استعمال یا فعال کرنے کی اجازت نہیں ہو گی ۔

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کوڈز اور ٹکٹس صرف اہل طالب علم کے استعمال کے لیے ہیں، انہیں دوسروں کو منتقل نہیں کیا جا سکتا ۔

**ریفنڈز:**

وہ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس جو اگست کے آخر تک استعمال نہیں کیے گئے ہیں، **help@ferry.nyc** سے رابطہ کرنے پر ریفنڈ کے لیے اہل ہوتے ہیں۔

**گمشدہ یا چوری شدہ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس:**

گمشدہ یا چوری شدہ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس کو تبدیل نہیں کیا جائے گا ۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے اندراج کی زائد المیعادی:**

تمام ڈسکاؤنٹ کوڈز اگست کے آخر میں غیر فعال ہو جائیں گے، اور تمام اِسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ایپ یا پیپر ٹکٹس بھی اسی وقت میعاد ختم ہو جائیں گی۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں اندراج کی تجدید:**

طلباء اور/یا سرپرستگان کو اگلے تعلیمی سال کے لیے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں دوبارہ اندراج کرنے کی ضرورت ہو گی ۔

**دستیابی:**

طالب علم ڈسکاؤنٹ ٹکٹس صرف اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے نافذ ہونے کی صورت میں دستیاب ہوں گے ۔

**ان شرائط و ضوابط میں تبدیلیاں:**

NYC فیری کی جانب سے کسی بھی وقت اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کی شرائط میں تبدیلی کی جا سکتی ہیں، ان تبدیلیوں کے بارے میں )ان کے نافذ ہونے سے پہلے( آپ کو کسی بھی معقول ذرائع، بشمول نظرثانی شدہ شرائط و ضوابط NYC فیری کی ویب سائٹ پر پوسٹ کر کے اطلاع دی جائے گی۔ ان شرائط و ضوابط میں کسی بھی تبدیلی کے بعد آپ کا اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کا استعمال ایسی تبدیلیوں پر آپ کی قبولیت کے مترادف سمجھا جائے گا۔ اگر آپ اپ ڈیٹ کردہ شرائط و ضوابط کے تحت اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کا استعمال جاری نہیں رکھنا چاہتے ہیں، تو آپ NYC Ferry کے لیے **844-469-3377** پر پیغام چھوڑ کر یا **help@ferry.nyc** پر ای میل کر کے اپنی شرکت سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

**علیحدگی پذیری:**

تاوقتیکہ بصورت دیگر ان شرائط و ضوابط میں بیان کیا گیا ہو، اگر ان شرائط و ضوابط کی کسی بھی شق کو کسی بھی وجہ سے یا کسی حد تک غلط یا ناقابل نفاذ قرار دیا جائے، تو ان شرائط و ضوابط کی بقیہ دفعات متاثر نہیں ہوں گی، اور اس دفعہ کا اطلاق قانون کی طرف سے مجاز حد تک کیا جائے گا ۔

# NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام

**شرائط و ضوابط - نیو یارک ہائی اسکول کے طلباء**

**قانون کی حکمرانی:**
آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ریاست نیو یارک کے قوانین، قوانین کی دفعات کے تنازعے سے قطع نظر، ان شرائط و ضوابط نیز آپ اورNYC فیری یا اس کے ملحقہ اداروں کے درمیان پیدا ہونے والے کسی بھی تنازعے کو کنٹرول کرتے ہیں۔

**نااہلی:**
اگر آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں حصہ لینے کے لیے اس سبب نااہل پائے جاتے ہیں کیونکہ آپNYCSA اکاؤنٹ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے، تو براہ کرمیہاں **وزٹ کریں۔**

**اسٹوڈنٹ ٹکٹس پر پابندیاں:**
اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس صرف طلباء استعمال کر سکتے ہیں۔ سرپرست بحری جہاز میں سوار ہونے کے لیے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ کا استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔ کسی دوسرے فرد کی جانب سے آپ کے اسٹوڈنٹ ٹکٹ کا استعمال آپ کو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام سے نکالے جانے کا باعث بن سکتا ہے ۔

**جرمانے:**
اگر آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے اہل طالب علم کے علاوہ کسی دوسرے فرد کو اسٹوڈنٹ ٹکٹ یا کوڈ استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں، تو آپ کو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام سے 60 دنوں کے لیے معطل کر دیا جائے گا۔ 60 دن کی معطلی ختم ہونے کے بعد، آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ دوسری دفعہ جرم کے مرتکب ہوتے ہیں، تو آپ کو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام سے مستقل طور پر نااہل کر دیا جائے گا ۔

اگر آپ قصداً NYCF کو غلط معلومات فراہم کرتے ہیں یا بصورت دیگر NYCF کو گمراہ کرنے یا دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں، تو آپ کو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام سے مستقل طور پر نااہل قرار دیا جا سکتا ہے ۔

**انکشاف:**
NYCF موجودہ اور سابقہ درخواست دہندگان اور شرکاء سے متعلق معلومات کو خفیہ سمجھے گی اور اس طرح کی معلومات کو صرف درج ذیل پر منکشف کر سکتی ہے :

- معلومات کے موضوعی فرد یا اس فرد کے قانونی نمائندے پر؛
- اگر اس فرد کی جانب سے تحریری طور پر کسی اور فرد کو مجاز قرار دیا گیا ہو، جس سے اس طرح کی معلومات کا تعلق ہے، یا اگر ایسا فرد قانونی طور پر اہل نہیں ہے، تو ایسے فرد کے قانونی نمائندے کی جانب سے ایسا کیا گیا ہو؛
- اگر مجاز دائرہ اختیار کی عدالت نے یہ حکم دیا ہو؛ اور
- قانونی نفاذ کار ایجنسی یا ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفتر پر کہ جو NYCF کو عدالتی عرضی یا عدالتی وارنٹ فراہم کرتا ہے ۔

# aFp, Mp_ψжŸ₣ Tу ψжKMᴬTJFo ρтT NYC

## کثرت سے پوچھے گئے سوالات

**فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کیا ہے ؟**

فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام NYC ہائی اسکول کے طلباء کے لیے ہفتے کے عام کاروباری دنوں میں اسکول آنے جانے کے مقصد کی خاطر رعایتی NYC فیری ٹکٹس ("اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس") تک رسائی دینے کے مواقع فراہم کرتا ہے ۔

**کیا میں فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے اہل ہوں؟**

اگر آپ گریڈ 11 ،10 ،9، یا 12 میں داخل ہیں، یا نیو یارک شہر میں کسی سرکاری، چارٹر، یا نجی ہائی اسکول میں تفویض کردہ گریڈ کے بغیر داخل ہو گئے ہیں، تو آپ فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے اہل ہیں۔

**فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کیسے کام کرتا ہے ؟**

فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، اہل طلباء کے سرپرست کا نیو یارک سٹیNew York City Student اسٹوڈنٹ کے اکاؤنٹ
فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کوڈ کی درخواست کرنے کے لیے ایک بٹن پر NYC پورٹل میں، سرپرستگان NYCSA کے لیے، درج ذیل ملاحظہ کریں کلک کر سکتے ہیں جو کہ اہل طالب علم کو تفویض کیا جائے گا۔ طلباء دو طریقوں سے ڈسکاؤنٹ ٹکٹس حاصل کر سکتے ہیں، اور ڈسکاؤنٹ کوڈز صرف ایک بار لاگو کیے جا سکتے ہیں۔ سرپرستگان اور/یا طلباء پر ٹکٹس خریدنے اور استعمال کرنے کے لیے صرف ایک طریقے کا انتخاب کرنا لازم ہے:

- ایپ یا NYC Ferry
- وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو پر فروخت ہونے والے پیپر ٹکٹس، ہر روز صبح 8:00 بجے سے شام 7:00 بجے کے درمیان کھلتے ہیں۔

ایپ یا وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو سے ٹکٹ لینے کے لیے ڈسکاؤنٹ کوڈ کیسے لاگو کیا جائے، اس بارے میں معلومات کے NYC Ferry لیے، براہ کرم ذیل میں سوالات کے جوابات دیکھیں۔

اِسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس صرف ہفتے کے عام کاروباری دنوں میں استعمال کے لیے موزوں ہیں۔ یہ پروگرام اسکول کے نئے سال سے شروع ہوگا اور اگست کے آخر تک جاری رہے گا۔ تمام اسٹوڈنٹ کوڈز کی معیاد اگست کے آخر تک ہے، اور ہر سال طلبا کو نئے کوڈز کے ساتھ دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔

**میں NYC Ferry ایپ میں اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس حاصل کرنے کے لیے ڈسکاؤنٹ کوڈ کا اطلاق کیسے کر سکتا ہوں؟**

اگر آپNYC Ferry ایپ میں اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو سرپرست اور/یا طالب علم کو درج ذیل اقدامات کرنے چاہیئں:

1. اس امر کو یقینی بنائیں کہ سرپرست یا طالب کے موبائل فون میں NYC Ferry ایپ ڈاؤن لوڈ ہو۔
2. NYC Ferry ایپ میں جائیں۔
3. اپنے NYC Ferry اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں یا اگر آپ نئے صارف ہیں تو نیا اکاؤنٹ تخلیق کریں۔
4. ایک بار لاگ ان ہونے کے بعد، اسکرین کے اوپری بائیں کونے میں بٹن کو منتخب کریں، پھر ڈراپ ڈاؤن مینو میں "پرومو کوڈ" کو منتخب کریں۔
5. NYCSA اکاؤنٹ میں فراہم کردہ منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کریں۔
6. NYC Ferryایپ میں ایک درست ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کرنے کے بعد، صارف کے پاس خود بخود NYC Ferryایپ میں 'ٹکٹ خریدیں' ٹیب میں اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس خریدنے کا اختیار ہو گا ۔

**میں پیپر ٹکٹ حاصل کرنے کے لیے ڈسکاؤنٹ کوڈ کا اطلاق کیسے کر سکتا ہوں؟**

اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹس وال اسٹریٹ/پیئر 11 پر واقع ٹکٹنگ ونڈو پر بالمشافہ خریداری کے ذریعے دستیاب ہیں۔ اسٹوڈنٹ پیپر ٹکٹوں کے لیے طالب علم کی اہلیت کی تصدیق کرنے کی خاطر، سرپرست اور/یا طالب علم کو چاہیئے کہ درج ذیل کام کرے:

1. اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹ کا درخواست فارم پُر کریں، جو کہ NYCفیری کی ویب سائٹ یا وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو پر دستیاب ہے۔ طالب علم کا پہلا/آخری نام، وہ ای میل ایڈریس جو آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ کے ساتھ منسلک کرنا چاہتے ہیں، اپنا فون نمبر، اور منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کریں۔
2. جب آپ درخواست کا فارم خواہ ویب سائٹ کے ذریعے یا وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو پر واقع ڈراپ آف پر بالمشافہ جمع کروا دیں، تو براہ کرم اپنی درخواست پر کارروائی کے لیے 30 دن تک کا وقت دیں۔
3. پھر اس کا جائزہ لیے جانے کے بعد، NYC Ferryآپ کو پیپر ٹکٹ خریدنے کے لیے آپ کی اہلیت کے بارے میں باضابطہ طور پر مطلع کرنے والے خط کے ساتھ ایک تصدیقی ای میل بھیجے گی۔ منظور ہو جانے کی صورت میں، آپ کو اہلیت کا تصدیقی خط موصول ہو گا۔ اس منسلکہ خط کو محفوظ کریں!
4. جب آپ وال اسٹریٹ/پیئر 11ٹکٹنگ بوتھ پر پہنچیں تو اپنی اہلیت اور خریدے گئے پیپر ٹکٹوں کی تصدیق کے لیے NYCفیری ٹکٹنگ ایجنٹ کو منسلکہ خط دکھائیں۔

**ی اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے درخواست دینے کے لیے کون سی دستاویزات درکار ہیں؟**

اگر آپ سرپرست اور/یا طالب علم ہیں جنہوں نے وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹنگ ونڈو پر بالمشافہ خریداری کے ذریعے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس تک رسائی کا انتخاب کیا ہے، تو آپ کو درخواست برائے اسٹوڈنٹ پیپر ٹکٹ پر درج ذیل معلومات فراہم کرنی ہوں گی: پہلا نام، آخری نام، NYCSA کی جانب سے منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ، فون نمبر، اور NYC Ferry اکاؤنٹ کا ای میل ایڈریس جسے آپ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام سے منسلک کروانا چاہتے ہیں۔
اگر آپ سرپرست اور/یا طالب علم ہیں جنہوں نے NYC Ferry ایپ کے ذریعے اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس تک رسائی کا انتخاب کیا ہے، تو اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس تک رسائی کے لیے کسی دستاویز کی ضرورت نہیں ہے۔ سرپرستگان اور/یا طلباء کو NYC Ferry ایپ پر پرومو ٹیب کے اندر صرف اپنا منفرد ڈسکاؤنٹ کوڈ درج کرنے کی ضرورت ہے ۔

# NYC فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام

## کثرت سے پوچھے گئے سوالات

**میری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹ کی درخواست منظور ہونے میں کتنا وقت لگے گا ؟**
درخواست جمع کروانے کے بعد، اپنی درخواست کے زیرِ جائزہ اور زیرِ عمل آنے کے لیے 30 دنوں تک انتظار فرمائیں۔ آپ کی درخواست کا جائزہ لیے جانے کے بعد، آپ کو آپ کی اہلیت کے بارے میں NYC Ferry کی جانب سے ایک ای میل کے ذریعے مطلع کیا جائے گا ۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹ کے لیے میری درخواست مسترد کر دی گئی۔ میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں ؟**
آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے اگر:
- ڈسکاؤنٹ کوڈ پہلے ہی استعمال میں ہے ۔
- ڈسکاؤنٹ کوڈ غلط ہے ۔
- ڈسکاؤنٹ کوڈ کی میعاد ختم ہو گئی ہے ۔

اپنے استرداد سے متعلق مزید معلومات کے لیے آپ NYC فیری کے لیے **844-469-3377** پر پیغام چھوڑ سکتے ہیں یا **help@ferry.nyc** پر ای میل کر سکتے ہیں۔

**اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پیپر ٹکٹ کے لیے میری درخواست مسترد کر دی گئی تھی، اور میرے خیال میں یہ فیصلہ غلط تھا۔ کیا میں اس فیصلے پر مزید نظرثانی کی درخواست کر سکتا ہوں؟**
اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی درخواست غلطی سے مسترد کر دی گئی تھی، تو آپ اپنی درخواست پر نظرثانی یا درخواست کی تجدید کی گزارش کر سکتے ہیں۔ آپ پر خطِ استرداد کے نوٹس کی تاریخ سے چودہ (14) کیلنڈر دنوں کے اندر یہ درخواست کرنا لازم ہے۔ آپ **844-469-3377** پر کال کر کے یا **help@ferry.nyc** پر ای میل بھیج کر نظرثانی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر نظرثانی کی درخواست 14 دن کے مقررہ وقت کے اندر موصول نہیں ہوتی ہے، تو استرداد حتمی سمجھا جائے گا ۔

**ڈسکاؤنٹ کوڈز کب تک کام کریں گے ؟**
ڈسکاؤنٹ کوڈز 1 ستمسکول کے نئے سال سے ہو رہا اور اختتام اگست کے آخر تک ہوگا۔ تمام سٹوڈنٹ کوڈز کی میعاد اگست کے آخر تک ہے۔ ہر سال طالب علموں کو نئے کوڈز کے

**میں فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے اہل ہائی اسکول کا طالب علم ہوں یا فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے ہائی اسکول کے متعدد اہل طلباء کے ساتھ سفر کرنے والا ایک سرپرست ہوں۔ کیا میں اپنے گروپ کے لیے متعدد اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس خریدنے کے لیے ڈسکاؤنٹ کوڈ استعمال کر سکتا ہوں؟**
نہیں۔ ڈسکاؤنٹ کوڈ تک رسائی رکھنے والا سرپرست اور/یا طالب علم ایک (1) اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ صرف اس طالب علم کے استعمال کے لیے خرید سکتا ہے جسے وہ ڈسکاؤنٹ کوڈ تفویض کیا گیا ہو۔ ہائی اسکول کے دیگر طلباء پر اپنے انفرادی ڈسکاؤنٹ کوڈز حاصل کرنا لازم ہے اور انہیں اپنے NYC Ferry اکاؤنٹ پر لاگو کرنا چاہیئے ۔

**میں نے اپنا ڈسکاؤنٹ کوڈ ایپ کے اندر اپنے NYC Ferry اکاؤنٹ پر لاگو کیا ہے، تاہم میں اب بھی اپنے اسٹوڈنٹ ایپ ٹکٹ کو فعال کرنے سے قاصر ہوں۔**
نوٹ فرمائیں کہ اسکول آنے اور جانے کے مقصد سے اسٹوڈنٹ ایپ ٹکٹس صرف ہفتے کے عام کاروباری دنوں میں فعال کیے جا سکتے ہیں۔ طلباء اور/یا سرپرستگان کسی بھی وقت ایپ پر اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس خرید سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ابھی بھی اپنے ڈسکاؤنٹ کوڈ کے ساتھ مسائل درپیش ہیں، تو براہ کرم **help@ferry.nyc** پر رابطہ کریں۔

**کیا میں اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹ ریفنڈ کروا سکتا ہوں؟**
وہ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس جو اگست کے آخر تک استعمال نہیں کیے گئے ہیں، **help@ferry.nyc** سے رابطہ کرنے پر ریفنڈ کے لیے اہل ہوتے ہیں۔

**ڈیک ہینڈ نے میرے اسٹوڈنٹ پیپر ٹکٹ کو مسترد کر دیا ہے۔**
اسٹوڈنٹ پیپر ٹکٹس صرف ہفتے کے عام کاروباری دنوں میں اسکول آنے اور جانے کے مقصد سے NYC فیری جہاز میں سوار ہونے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ طلباء اور/یا سرپرستگان اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس وال اسٹریٹ/پیئر 11 کی ٹکٹنگ ونڈو کے ذریعے ہفتے کے عام کاروباری دنوں میں صبح 8 بجے تا شام 7 بجے کے درمیان خرید سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ابھی بھی اپنے ڈسکاؤنٹ کوڈ کے ساتھ مسائل درپیش ہیں، تو براہ کرم **help@ferry.nyc** پر رابطہ کریں۔

**کیا میں فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کی مراعات NYC کے تمام عوامی آمدورفت کے نظاموں پر استعمال کر سکتا ہوں؟**
نہیں۔ اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس صرف NYC فیری روٹس پر استعمال کیے جا سکتے ہیں اور خطے میں عوامی آمدورفت کے کسی دوسرے آپریٹر پر قبول نہیں کیے جائیں گے ۔

**کیا میں تمام NYC فیری لینڈنگ پر واقع ٹکٹ وینڈنگ مشینوں سے فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام کے ٹکٹ حاصل کر سکتا ہوں؟**
نہیں، اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ ٹکٹس صرف NYC Ferry ایپ اور وال اسٹریٹ/پیئر 11 ٹکٹ بوتھ کے دفتر سے صبح 8 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان خریداری کے لیے دستیاب ہیں۔

**کیا میری امیگریشن کی حیثیت فیری اسٹوڈنٹ ڈسکاؤنٹ پروگرام میں شرکت کرنے کی میری اہلیت کو متاثر کرتی ہے ؟**

سرپرست کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں کوئی سوال نہیں کرے گا اور نہ ہی اس کا کوئی ریکارڈ رکھے گا۔ آپ بلا جھجک پروگرام میں حصہ لے سکتی ہیں۔